**08.04.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آتی جارہی ہے۔

☆ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے چھتیس گڑھ ضلعے کے بستر میں ایک ریلی سے خطاب کرنے والے ہیں۔ وہ آج شام مہاراشٹر کے چندر پور میں ایک عوامی میٹنگ سے بھی خطاب کریں گے۔

☆ دلی کی عدالت نے شراب پالیسی گھپلے کے سلسلے میں بی آر ایس کی رہنما کے کویتا کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا ہے۔

☆ تعلیم سے متعلق دلی کے ڈائریکٹوریٹ نے تعلیمی سال 2024-25 کے لیے چھٹی اور نویں جماعتوں میں داخلے کی خاطر آن لائن عمل شروع کردیا ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام چنئی میں چنئی سپر کنگز کا مقابلہ کولکاتا نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

## Campaigning -1

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کی تاریخ نزدیک آنے کے ساتھ ہی چناؤ مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کے لیے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ملک کے مختلف حصوں میں ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔x

## Campaigning -2

آسام میں 5 لوک سبھا سیٹوں کے لیے پہلے مرحلے کے تحت پولنگ کی خاطر چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ بی جے پی کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ کل ڈبڑو گڑھ، لکھیم پور اور سونت پور میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور مرکزی وزیر سربانند سونوال بھی عوامی میٹنگیں کررہے ہیں۔

کانگریس کے ریاستی صدر بھوپیندر بورا، قومی جنرل سکریٹری جتیندر سنگھ اور رکن پارلیمنٹ گورو گگوئی ووٹروں کو

راغب کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ عام آدمی پارٹی کی رہنما آتشی آج ڈبڑوگڑھ میں ریلیوں سے خطاب کریں گی۔
لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نام واپس لینے کا عمل آج شام ختم ہو رہا ہے۔دوسرے مرحلے کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا سلسلہ جمعرات کوختم ہوگیاتھاx

## J&K Campaigning

مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما لوک سبھا انتخابات میں اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ملک کے مختلف حصوں میں جلسے اور روڈ شو کر رہے ہیں۔ جموں وکشمیر میں BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی 12 اپریل کو ادھم پور میں ایک سیاسی ریلی کریں گے جبکہ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ دس اپریل کو کٹھوعہ میں ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔ دوسری جانب کانگریس کے رہنما راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی واڈرہ کے بھی جموں ڈویژن میں لوک سبھا انتخابات لڑنے والے اپنے امیدواروں کی حمایت میں جلسوں سے خطاب کرنے کا امکان ہے۔ جموں وکشمیر کی ادھم پور اور جموں لوک سبھا سیٹوں کیلئے پہلے دو مرحلوں میں 19 اور 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
BJP نے ادھم پور لوک سبھا سیٹ سے دو بار کے MP اور مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کو کھڑا کیا ہے ان کا مقابلہ دو مرتبہ کے MP اور کانگریس کے امیدوار چودھری لال سنگھ سے ہے۔ جموں میں BJP نے جُگل کشور شرما کو پھر ٹکٹ دیا ہے جبکہ کانگریس نے اپنے کارگزار صدر رمن بھلّا کو میدان میں اتارا ہے۔x

## Chhattisgrah PM Rally

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی چھتیس گڑھ کے بستر ضلعے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کررہے ہیں۔ چھتیس گڑھ کے جنگلات محکمے کے وزیر کیدار کشیپ نے بتایا کہ جناب مودی بستر سے وجے سنکلپ شنکھ ناد ریلی کا آغاز کررہے ہیں۔ یہاں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔
چھتیس گڑھ کے 11 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ تین مرحلوں میں 19 اور 26 اپریل اور 7 مئی کو کرائی جائے گی۔
چھتیس گڑھ میں BJP کو نمایاں کامیابی حاصل ہوتی رہی ہے۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں BJP نے 9 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی، جبکہ کانگریس کو صرف دو سیٹیں ملی تھیں۔
اِس سے پہلے 2014 کے چناؤ میں BJP نے دس سیٹیں جیتی تھیں جبکہ کانگریس صرف ایک سیٹ پر ہی کامیابی حاصل کرسکی تھی۔x

## PM Visit Vidarbha

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی مہاراشٹر میں چندرپور اور گڈ چرولی لوک سبھا سیٹوں پر چناؤ لڑنے والے BJP امیدواروں کی حمایت میں آج شام چندرپور جائیں گے۔ Morwa ایئر پورٹ گراؤنڈ پر ہونے

والے عوامی جلسے میں مہاراشٹر کے سرکردہ BJP لیڈر اور ریاست میں Mahayuti اتحاد کے رہنما بھی شرکت کریں گے۔

جنگلات محکمے کے ریاستی وزیر سدھیر Mungantiwar چندرپور لوک سبھا حلقے سے BJP کے امیدوار ہیں جبکہ گڈ چِرولی لوک سبھا حلقے سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ Ashok Nete چناؤ لڑ رہے ہیں۔

کانگریس نے چندر پور سے سابق رکن پارلیمنٹ بالو دھنورکر اور پرتبھا دھنورکر کو چناؤ میدان میں اتارا ہے، جبکہ گڑھ چِرولی سیٹ سے ڈاکٹر نام دیو کرسن چناؤ لڑرہے ہیں۔

وزیر اعظم اِس ماہ کی 10 تاریخ کو رام ٹیک لوک سبھا حلقے کے کنہان علاقے میں ماہایوتی امیدوار راجو پاروے کے لیے بھی چناوی مہم میں شرکت کریں گے۔ جناب پاروے نام ٹیک لوک سبھا حلقے کے ناگپور دیہات سے شیوسینا کے نشان سے چناؤ لڑرہے ہیں۔مشرقی ودربھ میں پانچ حلقوں میں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ ان میں ناگپور، Ramtek، Chandrapur ، گڈ چِرولی- Chimur اور بھنڈارا- گونڈیا حلقے شامل ہیں۔

## Delhi Court Kavitha

دلّی کی ایک عدالت نے BRS کی رہنما کے کویتا کو عبوری ضمانت دینے سے آج انکار کردیا۔ کویتا کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے کے سلسلے میں کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں گرفتار کیا تھا۔ CBI کی اسپیشل جج کاویری باویجا نے عبوری ضمانت کی درخواست مسترد کردی۔ کویتا نے جمعرات کو عدالت سے رجوع کیا تھا اور کہا تھا کہ ان کے بیٹے کے امتحان کیلئے انھیں عبوری ضمانت دی جائے کیونکہ اُسے اُن کے اخلاقی اور جذباتی مدد کی ضرورت ہے۔ ED نے ان کی درخواست کی یہ کہتے ہوئے مخالفت کی کہ کویتا نے اس معاملے میں ثبوتوں کو ضائع کیا ہے اور گواہوں پر اثر انداز ہوئی ہیں۔ کویتا کو 26 مارچ کو 9 اپریل تک کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔x

## Delhi School

تعلیم سے متعلق دلّی ڈائریکٹوریٹ تعلیمی سال 25-2024 کیلئے سرکاری اسکولوں میں چھٹی سے نویں کلاس کیلئے آن لائن داخلے کا عمل آج سے شروع کر رہا ہے۔ آن لائن رجسٹریشن فارم محکمے کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب کرایا جارہا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے جاری کئے گئے سرکلر کے مطابق جو طلبا سرکاری اور سرکاری امداد والے اسکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور جنھیں نیشنل سروس اسکیم کے تحت رکھا گیا ہے اُنھیں چاہیئے کہ وہ اپنے ٹرانسفر اور دوبارہ داخلے کے سلسلے میں مزید مدد کیلئے اُن اسکولوں سے رجوع کریں جن میں آخری بار انھوں نے تعلیم حاصل کی تھی۔ اس سال داخلے کا عمل تین مرحلوں میں مکمل کیا جائے گا۔ رجسٹریشن کیلئے پہلا مرحلہ آج سے 17 اپریل تک ہوگا۔ اس مرحلے کیلئے 29 اپریل کو اسکول الاٹمنٹ کی فہرست دستیاب ہوگی۔

داخلے کیلئے دستاویزات کی تصدیق 30 اپریل سے اگلے مہینے کی 10 تاریخ تک کی جائے گی۔ درخواستوں کے آن لائن رجسٹریشن کا دوسرا مرحلہ 15 اپریل سے جبکہ تیسرا مرحلہ 10 مئی کو شروع ہوگا۔x

## Chennai-Janam TV

بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزرا انوراگ سنگھ ٹھاکر اور ڈاکٹر ایل مروگن نے آج چنئی میں تمل جنم ٹی وی کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب ٹھاکر نے کہا کہ خبروں سے متعلق معیاری مواد کے ساتھ علاقائی زبان کے چینل کی یہاں ضرورت تھی۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مروگن نے کہا کہ تمل ناڈو کی مالا مال ثقافت اور روایات ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے عالمی پلیٹ فارم پر قدیم زبان تمل کو اجاگر کئے جانے کا ذکر کیا۔

## Chenai-Thakur

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج کہا ہے کہ این ڈی اے کا دور حکومت شاندار رہا ہے اور گزشتہ 10 برس میں سب سے زیادہ غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ آج صبح چنئی ہوائی اڈے پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ این ڈی اے کے دور حکومت میں نافذ کی گئی اسکیموں سے سماج کے سبھی طبقوں کو فائدہ پہنچا ہے اور اقتصادی ترقی کی رفتار تیز ہوئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ماہی گیروں کی بہبود کے لیے مختلف اسکیمیں نافذ کی ہیں۔ جناب ٹھاکر نے ڈی ایم کے اورکانگریس پر Katchatheevu جزیرہ سری لنکا کو دیے جانے کا بھی الزام لگایا اور کہا کہ وہ اِس کی وجہ جاننا چاہتے ہیں۔

## India-Peru

بھارت اور پیرو کے درمیان تجارتی معاہدہ سے متعلق بات چیت کا ساتواں دور آج نئی دلی میں شروع ہوا۔ اِس میٹنگ کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق دو طرفہ تعاون کو مضبوط کرنا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کامرس وصنعت کے محکمے نے کہا ہے کہ اِس پہل سے بھارت اور پیرو کے درمیان دو طرفہ تعلقات اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے ملک کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔

## CDS TRI Service Coference

فوج کی تینوں شاخوں کی ایک اہم کانفرنس پریورتن چنتن آج نئی دلی میں ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس کا مقصد مشترکہ اور مربوط کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے جدید افکار و خیالات، اقدامات اور اصلاحات کو بروئے کار لانا ہے۔ دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان دن بھر چلنے والی میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں۔ فوج کی تینوں شاخوں کے تمام ادارے کے سربراہوں کی اب تک کی یہ پہلی کانفرنس ہے۔ فوج کی مختلف شاخوں کے افسر اپنی وسیع سمجھ بوجھ اور تجربات کے ذریعہ حالات سے تیزی کے ساتھ نمٹنے کے لیے مشترکہ اور مضبوط کوششوں کے اہداف کے حصول کی خاطر اقدامات کی سفارش کریں گے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ بھارتی مسلح افواج نے مستقبل کی متوقع جنگوں کے لیے تیار رہنے کی اپنی جستجو میں ایک بڑی تبدیلی کا آغاز کر دیا ہے۔

مشترکہ اور مربوط کوششوں کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ فوج کی تینوں شاخوں کو کثیر سطحی کارروائیوں کے قابل بنانے کے لیے ڈھانچہ جاتی تبدیلیاں بھی کی جارہی ہیں۔×

**J&K-Landslide**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے رام بن ضلع میں خونی نالہ کے نزدیک کل شام چٹانوں کے ٹکرے گرنے کے سبب جموں -سرینگر قومی شاہراہ پر موٹر گاڑیوں کی آمد ورفت متاثر رہی۔ رات کے وقت بھی قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بند رکھا گیا، جس کے بعد سڑکوں سے متعلق سرحدی تنظیم کے اہلکاروں اور مشینوں کی جانب سے شاہراہ سے ملبہ ہٹائے جانے کے بعد اُسے ٹریفک کے لیے کھولا گیا۔ اب جموں -سرینگر قومی شاہراہ کے دونوں طرف ٹریفک بلارکاوٹ چل رہا ہے۔

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمہ نے اگلے چار روز کے دوران مشرقی، وسطی بھارت اور جزیرہ نما میں گرج چمک، ژالہ باری اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔موسمیات کے دفتر نے کہا ہے کہ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مراٹھواڑہ، ودربھ، جھارکھنڈ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ اور مہاراشٹر میں اس مہینے کی 11 تاریخ تک گرج چمک، بجلی اور پچاس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہواؤں کے ساتھ دور دور تک اوسط بارش ہوگی۔ اڈیشہ، مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ اور مراٹھواڑہ میں کچھ مقامات پر اگلے دو روز تک اولے گرنے کا امکان ہے۔
اس دوران موسمیات کے دفتر نے دلی میں آج تیز ہواؤں کے ساتھ عام طور پر آسمان صاف رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ قومی راجدھانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 ڈگری کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔

**NCERT Copyright**

NCERT نے اپنے تعلیمی مواد کے کوپی رائٹ کی خلاف ورزی کے سلسلے میں ایک ایڈوائزری وارننگ جاری کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ کوئی بھی فرد یا ادارہ اگر کوپی رائٹ کی اجازت حاصل کئے بغیر کمرشیل استعمال کیلئے NCERT کی کتابوں کے مواد شائع کرے گا اُس کے خلاف کوپی رائٹ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ تعلیمی ادارے نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اس طرح کی کتابوں کو استعمال کرنے سے گریز کریں۔ اس نے خبردار کیا ہے کہ ایسی کتابوں کے متن حقیقی اعتبار سے غلط ہوسکتے ہیں۔ اس نے یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ اگر کسی شخص کے علم میں سرقہ کی ہوئی اس طرح کی کتابیں آتی ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ فوراً ای-میل کے ذریعے pdncert.nic.in پر اطلاع دیں۔x

**France Explosion**

فرانس میں کل رات پیرس میں ایک آٹھ منزلہ عمارت میں دھماکہ ہونے سے تین افراد ہلاک ہوگئے اس کے

بعد عمارت میں آگ لگ گئی۔ دھماکے کی وجہ اب تک واضح نہیں ہوئی ہے۔ آگ لگنے سے پہلے عمارت کی ساتویں منزل پر ایک دھماکے کی آواز سنی گئی۔

دھماکے کی وجہ کا پتہ لگانے کیلیئے اس واقعے کی چھان بین شروع کردی گئی ہے۔ دھماکے کے بعد آس پاس کی عمارتوں میں رہنے والے لوگوں کو باہر نکال لیا گیا۔ بعد میں وہ اپنے گھروں میں واپس چلے گئے۔ چند برسوں میں ایسا تیسری مرتبہ ہوا ہے کہ راجدھانی میں کسی عمارت کے اندر دھماکہ ہونے سے کئی افراد ہلاک ہوئے ہیں۔x

## IPL-Cricket

آج آئی پی ایل کرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگز کا مقابلہ کولکاتا نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل لکھنؤ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے گجرات ٹائٹنس کو 33 رن سے ہرایا، جبکہ ممبئ میں ممبئ انڈینس نے ڈیلی کیپٹلس کو 29 رن سے شکست دی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆